Storybooks Canada

storybookscanada.ca

سکیما کا گانا

Written by: Ursula Nafula
Illustrated by: Peris Wachuka
Translated by: Samrina Sana

This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by Storybooks Canada in an effort to provide children's stories in Canada's many languages.

This work is licensed under a Creative Commons Attribution 4.0 International License.
https://creativecommons.org/licenses/by/4.0

سکیما کا گانا

Ursula Nafula
Peris Wachuka
Samrina Sana
Urdu
Level 3

سکیما اپنے والدین اور اپنی چار سالہ بہن کے ساتھ رہتا تھا۔
وہ ایک امیر آدمی کی زمین پر رہتے تھے۔ اُن کی گھاس سے بنی
جھونپڑی، درختوں کی قطار میں سب سے آخر پر تھی۔



امیر آدمی اپنے بیٹے کو دوبارہ دیکھ کر بہت خوش تھا۔ اُس نے
سکیما کو اُس کی حوصلہ افزائی کے لیے انعام دیا۔ وہ اپنے بیٹے
اور سکیما کو لے کر ہسپتال گیا تاکہ سکیما کی نظر دوبارہ واپس
آسکے۔

جب سکیما تین سال کا تھا تو وہ بیمار ہو گیا اور اُس نے اپنی بینائی کھو دی۔ سکیما ایک ہنر مند لڑکا تھا۔

اُسی لمحے دو آدمی کسی کو سٹریچر پر اُٹھائے لا رہے تھے۔ اُنہیں امیر آدمی کا بیٹا زخمی حالت میں سڑک کی بائیں جانب گِرا ہوا ملا۔

سکیما نے بہت سے ایسے کام کیے جو باقی چھ سالہ لڑکے نہیں
کر سکتے تھے۔ مثال کے طور پر، وہ اپنے گاوں کے بڑے
بزرگ ممبران کے ساتھ بیٹھتا اور ضروری معاملات کے
بارے میں بات چیت کرتا۔



سکیما نے اپنا گانا ختم کیا اور واپس جانے کے مڑا۔ لیکن امیر
آدمی بھاگتا ہوا باہر آیا اور کہا مہربانی کر کے دوبارہ گاو۔

سکیما کے والدین امیر آدمی کے گھر پر کام کرتے تھے۔ وہ صبح
سویرے جلدی گھر سے چلے جاتے اور شام دیر سے گھر واپس
آتے۔ سکیما اپنی چھوٹی بہن کے ساتھ رہتا۔

مزدور رُک گئے جو کام وہ کر رہے تھے۔ اُنھوں نے سکیما کے
خوبصورت گانے کو غور سے سُنا، لیکن ایک آدمی نے کہا،
ابھی تک کوئی بھی مالک کو حوصلہ نہیں دے پایا۔ کیا یہ اندھا
لڑکا اُسے حوصلہ دے پائے گا؟

سکیما کو گانے گانا بہت پسند تھا۔ ایک دن اُس کی ماں نے
پوچھا سکیما تم یہ گانے کہاں سے سیکھتے ہو؟



وہ ایک بڑی کھڑکی کے نیچے کھڑا ہو گیا اور اپنا پسندیدہ گانا گانے
لگا۔ دھیرے دھیرے، اُس امیر آدمی کا سر کھڑکی سے نظر آنے
لگا۔

سکیما نے جواب دیا، یہ مجھے ایسے ہی آجاتے ہیں امی۔ میں
انہیں اپنے دماغ میں سُنتا ہوں اور پھر میں گاتا ہوں۔

اگلے دن، سکیما نے اپنی چھوٹی بہن سے اُسے اُس امیر آدمی
کے گھر تک لے جانے کے لیے کہا۔

سکیما کو اپنی چھوٹی بہن کے لیے گانا پسند تھا، خاص طور پر جب وہ بھوک محسوس کرتی تھی۔ اُس کی بہن اُسے اپنا پسندیدہ گانا گاتے ہوئے سنتی اور اُس کی پر سکون دھن پر جھوم اُٹھتی۔

حتیٰ کہ سکیما نے ہار نہیں مانی۔ اُس کی چھوٹی بہن نے اُسے سہارا دیا اُس نے کہا سکیما کے گانے مجھے سکون بخشتے ہیں جب میں بھوکی ہوتی ہوں۔ یہ اُس کو بھی ضرور راحت دیں گے۔

سکیما کیا یہ تم بار بار گا سکتے ہو؟ اُس کی بہن اُس کی منت کرتی۔ سکیما اُس کی بات مانتا اور بار بار گاتا۔

میں اُس کے لیے گا سکتا ہوں۔ ہو سکتا ہے وہ دوبارہ خوش ہو جائے سکیما نے اپنے والدین کو بتایا۔ لیکن اُس کے والدین نے منع کر دیا۔ وہ بہت امیر ہے اور تم صرف ایک اندھے لڑکے ہو۔ تمہیں لگتا ہے کہ کیا تمہارا گانا اُس کی کوئی مدد کر سکتا ہے؟



ایک شام جب اُس کے والدین گھر آئے وہ بہت خاموش تھے۔ سکیما جانتا تھا کہ کچھ غلط ہے۔

کیا پریشانی ہے؟ امی ابو؟ سکیما نے پوچھا۔ سکیما کو پتہ چلا کہ امیر آدمی کا بیٹا غائب ہے۔ وہ آدمی بہت اکیلا اور اُداس ہے۔